# فہرست مضامین


| نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | باب اول | ۹ |
| | فصل اول۔ احادیث صلوٰۃ اور انکے راویوں کے بیان میں | ″ |
| ۱ | ابو مسعود صحابی رضؓ کی حدیث | ″ |
| | ابو مسعود رضؓ صحابی کا حال | ۱۱ |
| ۲ | کعب بن عجرہ رضؓ کی حدیث | ۱۲ |
| | کعب بن عجرہ رضؓ صحابی کا حال | ۱۳ |
| ۳ | ابو حمید ساعدی رضؓ کی حدیث اور ان کا حال | ″ |
| ۴، ۵ | ابو اسید و ابو حمید اور ابو سعید خدری رضؓ کی حدیثیں | ۱۴ |
| | ابو سعید خدری رضؓ کا حال | ″ |
| ۶ | طلحہ بن عبید اللہ کی حدیث | ″ |
| ۷ | زید بن خارجہ کی حدیث اور ان کا حال | ۱۵ |
| ۸ | حضرت علی رضؓ کی حدیث | ″ |
| ۹ | احادیث ابو ہریرہ رضؓ (۱۶ حدیثیں) | ″ |
| ۱۰ | بریدۃ رضؓ بن الحصیب کی حدیث | ۲۴ |
| ۱۱ | سہل بن سعد ساعدی کی حدیث | ″ |
| ۱۲ | احادیث عبد اللہ بن مسعود رضؓ (۶ حدیثیں) | ۲۵ |
| ۱۳، ۱۴ | حدیث فضالہ رضؓ بن عبید اور ابو طلحہ انصاری رضؓ کی حدیثیں | ۲۷ |
| ۱۵ | احادیث انس رضؓ بن مالک (۷ حدیثیں) | ۲۸ |
| ۱۶ | احادیث عمر فاروق رضؓ (۴ حدیثیں) | ۳۰ |
| ۱۷ | حدیث عامر رضؓ بن ربیعہ | ۳۲ |
| ۱۸، ۱۹ | حدیث عبد الرحمن رضؓ بن عوف اور حدیث ابی بن کعب رضؓ | ۳۳/۳۴ |
| ۲۰ | حدیث اوس رضؓ بن اوس (مع شواہد و متابعات) | ۳۵ |

| نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۱، ۲۲ | حدیث حضرت حسن رضؓ اور حضرت حسین رضؓ کی دو حدیثیں | ۴۰ |
| ۲۳ | حدیث فاطمۃ الزہراء رضؓ | ۴۱ |
| ۲۴، ۲۵ | حدیث براء رضؓ بن عازب اور جابر بن عبد اللہ رضؓ | ۴۲ |
| ۲۶، ۲۷ | حدیث ابو رافع رضؓ اور عبد اللہ رضؓ بن ابی اوفیٰ | ۴۳ |
| ۲۸، ۲۹ | حدیث رویفع بن ثابت رضؓ اور ابو امامہ رضؓ | ۴۴ |
| ۳۰ | حدیث عبد الرحمٰن بن بشر رضؓ | ″ |
| ۳۱ | ابن بشر رضؓ صحابی کا ذکر اور ابو بردۃ بن نیار رضؓ کی حدیث | ۴۵ |
| ۳۲ | حدیث عمار بن یاسر رضؓ | ″ |
| ۳۳ | حدیث ابو امامہ بن سہل رضؓ اور ان کا حال | ۴۶ |
| — | صحابی کا کسی فعل کو سنت کہنا کیا حکم رکھتا ہے؟ | ″ |
| ۳۴، ۳۵ | حدیث جابر بن سمرہ رضؓ اور مالک بن حویرث رضؓ | ۴۷ |
| ۳۶ | حدیث عبد اللہ بن جزء الزبیدی رضؓ | ″ |
| ۳۷ | احادیث ابن عباس رضؓ (۳ حدیثیں) | ″ |
| | ایک خواب کا ذکر | ۴۸ |
| ۳۸ | حدیث ابو ذر رضؓ | ″ |
| ۳۹، ۴۰ | حدیث واثلہ بن اسقع اور ابو بکر صدیق رضؓ | ۴۹ |
| ۴۱ | احادیث ام المومنین عائشہ صدیقہ رضؓ (۲ حدیثیں) | ۵۰ |
| ۴۲ | احادیث عبد اللہ بن عمر رضؓ (۳ حدیثیں) | ″ |
| | اذان سننے کے آداب (حاشیہ) | ″ |
| ۴۳ | قضائے حاجت کی دعا اور احادیث ابو الدرداء رضؓ | ۵۲ |
| ۴۴ | حدیث سعید بن عمیر رضؓ | ″ |
| | باب دوم | ۵۵ |
| | مرسل اور موقوف حدیثوں کے بیان میں | ″ |


Marfat.com

| نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **تیسرا باب** | ۶۱ |
| | فصل اول۔ آغازِ درود (اللّٰھم) کے معنی اور | ؍؍ |
| | اس سے متعلق صرفی ونحوی بحث واختلاف | |
| | حروفِ الفاظ کو معنی سے مناسبت ہوتی ہے | ۶۴ |
| | حرکات کو معنے سے مناسبت | ؍؍ |
| | دعائے دافع رنج والم اور دعائے اسمِ اعظم | ۶۹ |
| | اقسامِ دُعا | ۷۰ |
| | یا اللّٰھم کہنا صحیح نہیں | ۷۱ |
| | دوسری فصل، صلوٰۃ کے معنے میں | ۷۲ |
| | صلوٰۃ اللہ کی قسمیں اور صلوٰۃ کے معنے | ۷۴ |
| | صلوٰۃ اور رحمت میں فرق | ۷۵ |
| | صحیح بخاری میں معنی صلوٰۃ اور لفظ مشترک المعنی | ۷۶ |
| | عمل کی جزا اسی جنس سے ہوتی ہے | ۸۰ |
| | جمیعہ اور صفاتِ باری تعالےٰ | ۸۳ |
| | **تیسری فصل** | |
| | حضورؐ کے اسمِ مبارک کے معنی اور اشتقاق کے بیان میں | ۸۶ |
| | اسم مبارک عَلَم بھی ہے اور صفت بھی | ؍؍ |
| | اسمائے حُسنیٰ کا معانی سے تعلق | ۸۷ |
| | وجہ تسمیۂ محمد صلے اللہ علیہ وسلم | ۹۱ |
| | وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین کی تفسیر | ۹۴ |
| | اخلاق وعاداتِ نبویؐ | ۹۵ |
| | نعتِ نبویؐ اور جنابِ عمر نعتوی رضؓ | ۹۶ |
| | کمالِ محبت کی تعریف | ۹۹ |
| | حقیقتِ شرک اور ذوالجلال والاکرام کی شرح | ۱۰۰ |
| | آنحضرتؐ کی تعظیم اللہ کی تعلیم کے موافق ہی کر سکتا ہے | ۱۰۱ |

| نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | عشقِ صحابہ با نبی صلی اللہ علیہ وسلم | ۱۰۱ |
| | محمدؐ واحمدؐ میں فرق | ۱۰۳ |
| | پہلے محمدؐ نام رکھا گیا یا احمدؐ؟ | ۱۰۶ |
| | تورات میں اسم مبارک کا ہونا | ۱۰۷ |
| | تورات میں صرف محمدؐ، انجیل میں احمدؐ اور | |
| | قرآن میں دونوں کیوں جمع ہوئے؟ | ۱۱۳ |
| | **چوتھی فصل** | |
| | آل کے معنے اور اشتقاق واستعمال کے بیان میں | ۱۱۴ |
| | آل کے معنے اور الیاسین کی تحقیق | ۱۱۷ |
| | آلِ محمدؐ کی تحقیق | ۱۱۹ |
| | فصل، لفظ زوج کی تحقیق | ۱۲۹ |
| - | قرآن لفظ زوج کن معنے میں استعمال کرتا ہے | ۱۳۰ |
| | زَوْجَیْن کے معنے | ؍؍ |
| | فصل، ازواجِ مطہراتِ رسولِ پاکؐ کا ذکر | ۱۳۲ |
| ۱ | اُمّ المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضؓ | ؍؍ |
| | مسئلہ تفضیلتِ خدیجہ رضؓ وعائشہ رضؓ | ؍؍ |
| ۲/۳ | حضرت سودہؓ بنتِ زمعہ اور عائشہ صدیقہ رضؓ | ۱۳۳ |
| ۴ | حضرت حفصہ بنتِ عمر فاروق رضؓ | ۱۳۷ |
| ۵ | اُمّ حبیبہ بنتِ ابوسفیان رضؓ | ؍؍ |
| | صحیح مسلم کی ایک روایت پر تفصیلی نقد (حاشیہ) | ۱۳۸ |
| ۶ | حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا | ۱۴۳ |
| ۷/۸ | زینب بنتِ جحش رضؓ اور زینب بنتِ خزیمہ رضؓ | ۱۴۶ |
| ۹ | حضرت جُوَیرِیہ بنتِ حارث رضؓ | ۱۴۷ |
| ۱۰/۱۱ | صفیہ رضؓ بنتِ حی اور میمونہ بنتِ حارثِ ہلالیہ | ۱۴۸ |
| | فصل، ذُرّیت کے بیان میں | |


Marfat.com

| نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | ذُرّیت کی تحقیقِ لفظی | ۱۴۹ | آٹھویں فصل، اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کے معنی اور برکت | |
| | معنیٔ ذُرّیت کی تحقیق | ۱۵۰ | کی شرح میں | ۱۸۰ |
| | اضافت اور اسم | ۱۵۱ | بنی اسرائیلؑ کا ذکر قرآن میں اور بنی اسمٰعیل کا تورات | |
| | اِنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَھُمْ کے معنی | ۱۵۲ | میں ہونے کی وجہ | ۱۸۴ |
| | ذُرّیت میں اولادِ دختر بھی داخل ہے یا نہیں | " | خاندانِ خلیل الرحمٰن کے خصائل و فضائل | ۱۸۵ |
| | نسب باپ کی طرف سے ہے | ۱۵۳ | نویں فصل، حمید و مجید پر اختتامِ صلوٰۃ کے بیان میں | |
| | قیاسِ صحیح خلافِ نص نہیں ہوتا | ۱۵۴ | حمید و مجید کے معنی | ۱۸۹ |
| | پانچویں فصل | | حمد کے معنے | ۱۹۰ |
| | ابراہیم خلیل الرحمٰنؑ کے ذکر میں | ۱۵۵ | دسویں فصل، ان دعوات و اذکار کے بیان میں جو | |
| | مؤرخینِ عجم کی غلطی | " | الفاظِ مختلفہ کے ساتھ مروی ہیں۔ | ۱۹۳ |
| | فَاَقِمْ وَجْھَکَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا کی تفسیر | ۱۵۶ | باب چہارم اور درود خوانی کے مقام و محل کے بیان میں | ۱۹۷ |
| | اوّلیاتِ خلیلؑ | ۱۵۷ | نماز میں درود فرض ہونے کی بحث | " |
| | مہمان نوازیٔ خلیلؑ | ۱۵۸ | نماز میں وجوبِ صلوٰۃ کے دلائل، دلیل اوّل | ۲۱۰ |
| | ختنہ اور قربانیٔ فرزند | ۱۶۰ | اس استدلال پر چند سوال وارد ہوتے ہیں | ۲۱۱ |
| | مناظرہ اور اعداء کی مخالفت | ۱۶۱ | ان سوالات کے جوابات | ۲۱۲ |
| | بناءِ بیت اللہ | ۱۶۲ | دلیل دوم اور دلیل سوم | ۲۱۳ |
| ۱۱۱ | چھٹی فصل ایک مشہور مسئلے کے بیان میں | | دلیل سوم پر اعتراضات اور ان کے جوابات | ۲۱۴ |
| | صلوٰۃ نبویؐ کو حضرت ابراہیمؑ کی صلوٰۃ سے تشبیہ | ۱۶۳ | پہلے، دوسرے اعتراض کا جواب | ۲۱۴ |
| | عکسِ تشبیہ کا قاعدہ | ۱۶۴ | اعتراضِ سوم و چہارم | ۲۱۵ |
| | ساتویں فصل، ایک نکتہ اس حدیث کے متعلق جس میں | | اعتراض پنجم و ششم | ۲۱۶ |
| | صلوٰۃِ مصطفیٰ کو ابراہیم و آل ابراہیم کی صلوٰۃ کے مثل کہا | ۱۶۵ | دلیلِ چہارم | ۲۱۷ |
| | گیا ہے۔ | | دلیل پنجم و ششم | ۲۱۸ |
| | طولِ دعا کا راز | ۱۶۷ | درود شریف پڑھنے کا موطنِ دوم (دوسرا محل) | ۲۱۹ |
| | حقیقتِ دعا | ۱۶۸ | موطنِ سوم | ۲۲۱ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| موطنِ چہارم | ۲۲۲ | موطنِ سی ودوم (۳۲) | ۲۵۷ |
| موطنِ پنجم | ۲۲۵ | موطنِ سی وسوم (۳۳) اور سی وچہارم (۳۴) | ۲۵۸ |
| موطنِ ششم | ۲۲۶ | موطنِ سی وپنجم (۳۵) | ۲۵۹ |
| موطنِ ہفتم | ۲۲۷ | موطنِ سی وششم اور سی وہفتم | ۲۶۰ |
| موطنِ ہشتم | ۲۲۹ | موطنِ سی وہشتم (۳۸) | ۲۶۱ |
| موطنِ نہم ودہم | ۲۳۰ | موطنِ سی ونہم (۳۹) اور موطنِ چہلم (۴۰) | ۲۶۲ |
| موطنِ یازدہم | ۲۳۱ | باب پنجم درود کے فوائد وثمرات کے بیان میں | ۲۶۵ |
| ہر وقت ذکر مبارک پر وجوبِ درود کے دلائل | 〃 | وجودیہ کا رد | ۲۶۹ |
| فصل۔ عدمِ وجوبِ درود شریف کے دلائل | ۲۴۰ | باب ششم | ۲۷۷ |
| درود شریف پڑھنے کا موطنِ دوازدہم (بارھواں محل) | ۲۴۳ | نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اوروں پر صلوٰۃ وسلام کا ذکر | 〃 |
| موطنِ سیزدہم اور موطنِ چاردہم | 〃 | انبیاء پر قرآن میں جو سلام کہا گیا ہے اس کا مفہوم (حاشیہ) | 〃 |
| موطنِ پانزدہم اور شانزدہم | ۲۴۴ | غیر انبیاء پر صلوٰۃ کا مسئلہ | ۲۸۱ |
| موطنِ ہفتدہم | ۲۴۵ | صرف آل پر درود ہو سکتا ہے یا نہیں | 〃 |
| موطنِ ہیزدہم، نوزدہم اور بستم | ۲۴۶ | آل کے سوا اوروں پر صلوٰۃ (درود) | ۲۸۲ |
| موطنِ بست ویکم (اکیسواں محل) | ۲۴۷ | کیا سلام بمعنی صلوٰۃ (درود) ہے | 〃 |
| موطنِ بست ودوم (۲۲) | ۲۴۹ | صلوٰۃ کو محمدؐ وآلِ محمدؐ پر خاص کرنیوالوں کے دلائل | ۲۸۳ |
| موطنِ بست وسوم (۲۳) | ۲۵۲ | صلوٰۃ درود کو عام رکھنے والوں کے دلائل | ۲۸۵ |
| موطنِ بست وچہارم (۲۴) اور بست وپنجم (۲۵) | ۲۵۳ | قائلینِ عموم کے دلائل کا جواب | ۲۸۸ |
| موطنِ بست وششم (۲۶) اور بست وہفتم (۲۷) | ۲۵۴ | اس مسئلے پر صحیح فیصلہ (فصل الخطاب) | ۲۹۲ |
| موطنِ بست وہشتم (۲۸) | ۲۵۵ | خاتمہ کتاب پر اللہ تبارک وتعالےٰ کا شکر | ۲۹۴ |
| موطنِ بست ونہم (۲۹) سی ام (۳۰) اور سی ویکم (۳۱) | ۲۵۶ | | |


Marfat.com

ہو۔ بڑے بڑے ائمہ نے اُسے ثقہ کہا اور حفظ و عدالت کے ساتھ اس کی تعریف کی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ روایت کے لیے یہی دونوں اوصاف رکن ہیں۔

۱۲۔ ابن اسحٰق کی روایت میں تدلیس کا خوف ہوتا ہے لیکن یہاں محمد بن ابراہیم سے سماعت کی صراحت ہے۔ پس وہ شبہ جاتا رہا۔ سنن میں دارقطنی نے کہا ہے کہ اس حدیث کے راوی سب ثقہ ہیں۔ علل میں ہے کہ دارقطنی سے اس بارہ میں پوچھا گیا۔ کہا محمد بن اسحٰق تو محمد بن ابراہیم تیمی سے وہ محمد بن عبداللہ بن زید سے وہ ابومسعود سے روایت کرتا ہے۔ اور نعیم المجمر نے محمد بن عبداللہ سے روایت کی ہے۔ اختلاف نعیم سے پڑا۔ کیونکہ مالک بن انس (اور علی ہذا قعنبی ومعن واصحاب عطا) تو عن نعیم عن محمد عن ابی مسعود روایت کرتے ہیں۔ اور حماد بن مسعدہ عن نعیم عن محمد بن زید عن ابیہ کہتا ہے۔ مگر یہ وہم ہے۔ داؤد بن قیس الفراء عن نعیم عن ابی ہریرہ کہتا ہے اس میں روایتِ مالک کا خلاف ہے۔ مگر روایتِ مالک صواب تر ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس زیادت میں اختلاف ابن اسحٰق سے ہوا ہے۔ کیونکہ ابراہیم ابن سعد تو ابن اسحٰق سے زیادۃ کے ساتھ روایت کرتا ہے اور زہیر بن معاویہ اسی سے بغیر زیادت کے۔ عبد بن حمید نے مسند میں احمد بن یونس سے طبرانی نے معجم میں زہیر سے جو روایت کی ہے وہ بھی بلا زیادت ہے۔ واللہ اعلم۔

## ابومسعودؓ صحابی کا حال

ابومسعود صحابی راوی حدیث کی نسبت عبداللہ بن احمد مقدسی نسب الانصار میں لکھتے ہیں کہ ان کا نام عقبہ بن عمرو بن ثعلبہ ہے۔ ان کو بدری اس لیے کہتے ہیں کہ یہ بدر میں اترے یا ٹھہرے تھے۔ جمہور علماء سِیَر کا اتفاق ہے کہ یہ بدر کے غزوہ میں شریک نہیں ہوئے مگر بعض کہتے ہیں کہ شریک ہوئے تھے۔ ہاں اس پر اتفاق ہے کہ بیعت عقبہ میں شامل ہوئے تھے۔ امیر المومنین علی مرتضیٰ رضہ نے ان کو لشکر کشی صفین کے وقت والی کوفہ بنایا تھا۔ اور عید کے روز ان کو اپنا نائب بنا کر مسجد میں ضعفاء کو نماز پڑھانے کے لیے چھوڑ جایا کرتے تھے۔ سنہ ۴۰ یا سنہ ۴۲ ہجری کے بعد انہوں

اللهُ قُلْ آمِیْنَ قُلْتُ آمِیْنَ ۵ مرگیا اور دوزخ میں گیا اور خدا سے دور پڑا۔ کہئے آمین میں نے کہا آمین)

محمد بن عمرو جو اس وقت حدیث میں راوی ہے۔ بخاری و مسلم نے متابعات میں اس کی حدیث لی ہے۔ ابن معین نے اس کی توثیق اور ترمذی نے اس کی تصحیح کی ہے۔ حدیث میں جو رغم انف کا لفظ ہے جس کا ترجمہ ذلیل لکھا گیا ہے۔ یہ بکسر غین معجمہ ہے۔ ناک کا خاک آلودہ ہونا اس کا لفظی ترجمہ ہے۔ ابن اعرابی فتح غین کہتا ہے۔ اور معنی ذلیل ہونا۔

ایک حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ ہے جسے امام مسلم نے صحیح میں روایت کیا ہے فرمایا۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا ۵ جو مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے خدا اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔

اس کو ابو داؤد رح و ترمذی و نسائی رح نے اور صحیح میں ابن حبان رح نے روایت کیا ہے ترمذی نے حسن صحیح کہا۔ ابن حبان رح نے روایت کیا ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً وَاحِدَۃً کُتِبَ لَہٗ بِھَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ ۵ یعنی ایک درود کے عوض دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

ایک حدیث ابو ہریرہ رض کو ابن خزیمہ رح نے صحیح میں روایت کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلْیَقُلِ اللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ فَاِذَا خَرَجَ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلْیَقُلِ اللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ ۵ (یعنی مسجد میں آنے کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے اور اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ پڑھے۔ اور مسجد سے جانے کے وقت نبی صلی اللہ علیہ پر سلام بھیجے اور اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ کہے۔)

18951

اس کو ابن حبان رح نے بھی صحیح میں روایت کیا ہے۔

ایک حدیث ابو ہریرہ رض وہ ہے جسے حسین بن احمد صاحب جزء المعروف نے سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ قُبُوْرًا تم اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ یعنی اُن میں

موسٰی بن عبیدہ جو اس حدیث کی سند میں ہے۔ گو اس کی حدیث میں کچھ ضعف ہوتا ہے تاہم یہ حدیث حدیثِ بالا کے لیے شاہد ہے۔ بغوی نے بھی اپنی سند کے ساتھ پہلی حدیث کے موافق روایت کی ہے اس کے آخر میں ہے کہ "میں نے اسی لیے سجدہ کیا۔"

۱۹۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جسے عبدالحمید نے مسند میں اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ ابی رضؓ کہتے ہیں کہ جب رات کا چہارم گذر جاتا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے اور فرماتے۔ لوگو ذکرِ خدا کرو۔ ذکرِ خدا کرو۔ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ۔ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جاء الموتُ بما فيه۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول میں حضور پر درود پڑھا کرتا ہوں۔ فرمایئے درود کی کیا مقدار رکھوں۔ (یعنی اور وظیفوں کے مقابل میں) فرمایا جس قدر تو چاہے۔ عرض کیا ایک چہارم ¼ فرمایا جتنا تو چاہے۔ اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ عرض کیا نصف ½ فرمایا جتنا تو چاہے اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ عرض کیا دو تہائی ⅔ فرمایا جتنا تو چاہے۔ اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ میں تمام (وقت کو) آپ کے درود کے لیے کردوں گا۔ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اِذًا یَکْفِیْ هَمَّكَ | ایسی حالت میں وہ تیرے مقاصد کے لیے |
| وَ یُغْفَرُ لَكَ | کفایت کرے گا۔ اور تیرے گناہوں کو بخشوا |
| ذَنْبُكَ ؕ | دے گا۔ |

ترمذی رحؒ و امام احمد رحؒ و حاکم رحؒ نے بھی اس کو اپنی اپنی سند سے روایت کیا ہے۔ اور ترمذی رحؒ نے اس کو حسن صحیح کہا ہے۔ عبدالرحمٰن بن محمد بن عقیل جو عبدالحمید کی سندِ روایت میں ہے۔ اس سے ائمہ کبار مثل حمیدی و احمد و اسحٰق و علی و ترمذی وغیرہم نے حجت پکڑی ہے۔ اور ترمذی نے اس ترجمہ کو کبھی صحیح کبھی حسن کہا ہے۔

ابن تیمیہ رحؒ سے اس حدیث کی تفسیر پوچھی گئی۔ کہا ابی بن کعب رضؓ اپنے لیے کچھ دعا کرتے تھے۔ انہوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ اس دعا میں سے چہارم یا نصف یا دو ثلث کو درود بنا لوں۔ اور کل کو درود بنا لینے کے اظہار پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب تیرے مقاصد کے لیے کفایت اور تیرے گناہوں کے

Marfat.com

ابراھیم وموسیٰ علیہما الصلوٰۃ والسلام ؎ ابراہیمؑ وموسیٰؑ کو تونے عطا کئے ہیں۔

۳۴۳۔ اسمٰعیل نے سند کے ساتھ ابوسعید سے روائیت کی ہے کہ جو اشخاص کسی جلسہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے بغیر کھڑے ہوجاتے ہیں وہ نشست ان کے لیے قیامت کو حسرت ہوگی۔ اور جب جنّت میں جائیں گے تو اس کا ثواب دیکھیں گے" یہ لفظ حفص کے ہیں۔ ؎

---

؎ اس باب میں جو احادیث ہیں وہ سب پہلے باب میں معہ ترجمہ آچکی ہیں۔ اس لیے ان کا ترجمہ اس باب میں نہیں لکھا گیا۔

Marfat.com

متضاد نہیں ہوتی۔ برخلاف دیگر مخلوق کے اسمار کے مثلاً اللہ۔ خالق۔ مصور۔ قہار جو اسمار ہیں یہ اپنے معانی پر جو اس کی صفات ہیں دلالت کنندہ ہیں۔ اسی طرح قرآن و فرقان و کتاب مبین۔ اسی طرح نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اسمار محمدؐ۔ احمدؐ۔ ماحی۔ چنانچہ جبیر بن مطعم کی حدیث میں ہے۔

| | |
|---|---|
| ان لی اسماء انا محمد وانا | میرے کئی نام ہیں۔ میں محمدؐ ہوں۔ میں احمدؐ ہوں میں |
| احمد وانا الماحی الذی | ماحی ہوں جس کی وجہ سے اللہ نے کفر کو محو کر |
| یمحا اللہ بہ الکفر! | دیا ہے۔ |

دیکھو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان اسمار کا ذکر فرمایا اور فضیلت کی جو خصوصیت اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دی ہے۔ اُسے بیان کر کے معانی کی طرف بھی (یعنے کفر کو محو کر دینے کی وجہ سے آنحضرتؐ کا نام ماحی ہے) ارشاد فرمادیا۔ اگر یہ اسمار محض اعلام ہوتے جن کے کچھ معنے نہ تھے تو وہ مدح پر ہرگز دلالت نہ رکھتے۔ حسان بن ثابت مداح نبی رضی اللہ عنہ نے اسی وجہ سے یہ شعر کہا ہے ؎

| | |
|---|---|
| وشق لہ من اسمہ یجلہ | فذوالعرش محمود وھذا محمد |
| نکالا نام اپنے نام سے دیکھو کرم بخشی | کہ صاحب عرش کا محمود ہے اور یہ محمدؐ ہیں |

## اسمار حسنیٰ کا معانی سے تعلق

یہی حال اللہ تعالےٰ کے جملہ اسمار مدح کا ہے۔ کیونکہ اگر وہ مجرد الفاظ ہوتے جن کے معانی نہیں تو وہ مدح پر دلالت کنندہ نہ ہوتے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ | اللہ کے پاک نام ہیں انہی سے اللہ کو پکارو۔ |
| بہا وذروا الذین یلحدون فی | اور جو لوگ اس کے ناموں میں الحاد کرتے ہیں۔ |
| اسمآئہ سیجزون ما کانوا | انہیں چھوڑ دو۔ وہ اپنے عملوں کا بدلا جلد پا |
| یعملون ؁ | لیں گے۔ |

جن اسمار کی توصیف لفظ حسنیٰ کے ساتھ فرمائی وہ مجرد لفظ ہونے کی وجہ سے حسنےٰ نہیں۔ بلکہ اوصاف کمال پر دلالت رکھنے کی وجہ سے ہیں۔

مروی ہے کہ ایک قاری نے یہ آیت پڑھی۔

Marfat.com

راز ہے۔ مسند امام احمدؒ میں حضرت انسؓ کی حدیث ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الظوا بیاذا الجلال والاکرام یعنی یا ذوالجلال والاکرام کو لازم پکڑلو۔ اور اسے ورد زبان بنالو۔ ابویعلی موصلی کی سند میں ایک صحابی سے روائیت ہے کہ انہوں نے اسم اعظم کا معلوم کرلینا چاہا۔ تو انہوں نے خواب میں آسمان کے اندر ستاروں سے لکھا ہوا دیکھا۔ "یا بدیع السمٰوات والارض یا ذا الجلال والاکرام"

## آنحضرت صلعم کی محبّت و تعظیم وہی رکھے گا جو اللہ کی محبّت و تعظیم رکھتا ہے

واضح ہو کہ بشر کی جس قدر محبت و تعظیم ہے وہ اللہ تعالیٰ کی محبت و تعظیم کی تبعیت (پیروی) میں ہونی چاہیئے۔ مثلاً رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت و تعظیم۔ یہ بھی درحقیقت اللہ پاک کی (جو آنحضرتؐ کو بھیجنے والا ہے) محبت و تعظیم کی وجہ سے ہے۔ بیشک جو مومن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتے ہیں وہ اللہ تعالےٰ کے ساتھ محبت کی وجہ سے ہے۔ اور جو آپ کی تعظیم و اجلال کرتے ہیں اس کا باعث تعظیم و اجلال الٰہی ہے یہی حال ہے اہل ایمان و اہل علم و صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت و تعظیم کا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و تعظیم کے تابع ہے۔

الختصر۔ اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی محبت و مہابت کا حصہ ارزانی فرمایا ہے۔ اور ہر ایک مخلص و مومن کو بھی کم و بیش اس میں سے ایک حصہ دیا ہے۔

حسن بصریؒ کا قول ہے کہ مومن کو حلاوت و مہابت دی جاتی ہے جس کی وجہ سے اس کے ساتھ محبت کی جاتی ہے اور اس کی ہیبت و جلال بھی دلوں پر پڑتا ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ مومن کو خلعتِ ایمان پہنا دیتا ہے اور وہ ہیبت و محبت کا مقتضی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جملہ صحابہ رضؓ کے نزدیک عہد نبویؐ میں آنحضرت صلعم سے بڑھ کر کوئی بشر

## عشق صحابہ با نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ہیبت و جلال اور محبت و تعظیم میں نہ تھا۔ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے مسلمان ہو کر کہا کہ پہلے رسول اللہ

کو سلام عرض کیا جاتا تھا۔ پس جو کچھ (بعد میں) سکھلایا گیا۔ وہ اس مقدار (تحیت) سے زائد ہے جو بالتحقیق نماز کے اندر سلام کرتا ہے۔ اس مطلب کی توضیح حدیث ابو اسحاق سے ہوتی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں کہ ہم کیوں کر درود پڑھیں جب ہم نماز میں آپ پر درود پڑھیں۔ اس لفظ کی حفاظ کی ایک جماعت نے تصحیح کی ہے۔ ابن خزیمہ و ابن حبان و حاکم و دارقطنی و بیہقی ان میں سے ہیں۔ یہ حدیث پہلے باب میں مع اس کی علت اور اس کے جواب کے بیان ہو چکی ہے۔ غرض جب ثابت ہو چکا۔ کہ جس درود کی کیفیت کا سوال کیا گیا ہے وہ نماز کے اندر کا درود ہے۔ تو گویا قرآن مجید میں جس کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ اسی کا بیان ہے۔ تو اس سے درود کا وجوب ثابت ہو گیا۔ اسی کے ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے امر کو شامل کر لینا چاہیئے شاید یہی وجہ ہے جس کی طرف امام احمد رح نے اپنے قول میں اشارہ کیا ہے۔ کہ میں اس سے رد کتا تھا مگر وہ تو واجب ہے۔

## اس استدلال پر چند سوال وارد ہوتے ہیں

### اوّل

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد۔

والسلام کما علمتم ! اور السلام ویسا ہی جیسا تم جانتے ہو۔

میں دو احتمال ہو سکتے ہیں۔ یا تو نماز میں آنحضرت پر سلام کرنا ہے یا نماز سے فارغ ہونے کا سلام کرنا۔ یہ قول ابن عبد البر کا ہے۔

### دوم

جو کچھ بیان ہوا ہے یہ دالّ ہے کہ سلام کے ساتھ درود مقترن ہے۔ اور چونکہ سلام تشہد میں واجب ہے اسی طرح درود بھی واجب ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ دلالتِ اقتران ضعیف ہوتی ہے۔

### سوم

ہم نے سلام کے وجوب کو تسلیم کرتے ہیں۔ اور نہ درود کو۔ اور یہ استدلال جب پورا

